ilmkidunya

# Urdu - FSC Part 1 Urdu Full Book Short Questions Online Test

Q1. مصنف کا دوست اپنی مرغیاں مصنف کو کیوں دینا چاہتا تھا.

**Ans 1:** مصنف کے دوست کا گھر مختصر تھا آدھے گھر میں وہ رہتے تھے اور آدھے میں مرغیاں اب ان کے عزیز چھٹیاں گزارنے ان کے پاس ارہے تھے اس لیے وہ اپنی مرغیاں مصنف کو دینا چاہتے تھے

Q2. یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے پیٹ اور پلیٹ

Q3. مرغیاں مسلمانوں کو اپنا خؤن کا پیاسا کیوں سمجھتی ہیں.

**Ans 1:** مرغیاں اپنی جبلی تعصب کی بنا پرمسلمانوں کو اپنے خون کا پیاسا سمجھتی ہیں۔.

Q4. مصنف گھر میں مرغیاں پالنے کا کیوں روادار نہیں ہے.

**Ans 1:** مصنف مرغیاں کھانے کا زیادہ شوقین ہے اس لیے وہ گھر میں انہیں پالنے کا روادار نہیں ہے.

Q5. ابن انشا کو اس جزیرہ پر کس سے مڈبھیڑ کا خطرہ تھا.

**Ans 1:** ابن انشا کو اس جزیرے پر کسی پیر تسمیہ بابا کسی شہزادی مہر افروز سے مڈ بھیڑ کا خطرہ تھا.

Q6. ڈاکٹر فضل الباری کون تھے

**Ans 1:** ڈاکٹر فضل الباری وزیر صحت یعنی ڈاکٹروں کے ڈاکٹر تھے

Q7. کسی بیرونی خطرے می صورت میں ہمیں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے.

**Ans 1:** اتفاق اور اتحاد میں طاقت ہے ہمیں متحد ہو کر بیرونی خطرات کا مقابلہ کرنا چاہے.

Q8. ابن انشاء مضمون لکھتے ہوئے کس شہر میں تھے

**Ans 1:** ابن انشائ مضمون لکھتے ہوئے سنگا پور میں تھے

Q9. مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑکیا ہے.

**Ans 1:** مصنف کے ڈیڑھ سالہ تجربہ کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں دڑبے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر نہ آئیں وہاں ہونے کا ثبوت دیتی ہیں.

---

Q10. کبوتر اور کبوتری نے آگ کیسے بجھائی.

**Ans 1:** کبوتر اور کبوتری قریبی دریاسے پانی اپنے پروں میں بھر کر لاتے اور آگ پر گرا دیتے جس سے آگ بجھ گئی

---

Q11. مرغ ادبداکر کس وقت اذان دیتا ہے.

**Ans 1:** مصنف کے بقول مرغ اوبدا کر اس وقت ازان دیتا ہے جب خدا کے گنہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں.

---

Q12. "اپنی مدد آپ" کا کیا فائدہ ہے.

**Ans 1:** "اپنی مدد آپ" کا یہ فائدہ ہے کہ دوسرے بھی اپ کی مدد کو پہنچ جاتے ہیں.

---

Q13. شکاری اپنے ارادے میں کیسے ناکام ہوا.

**Ans 1:** صبح درخت کے اردگرد سانپ لیٹ گیا. جب شکاری نے یہ دیکھا تو مارے ڈر کر بھاگ گیا.

---

Q14. قنوطی شخص سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** مصنف کے خیال میں قنوطی شخص ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کا عقیدہ ہو کہ اللہ تعالی نے آنکھیں رونے کے لیے بنائی ہیں.

---

Q15. کبوتر اور کبوتری کسی کو سنگی ساتھی کیوں بنانا چاہتے تھے.

**Ans 1:** وہ کسی کو سنگی ساتھی اس لیے بنانا چاہتے تھے کہ وقت پڑھنے پر وہ ان کی مدد کرسکے.

---

Q16. مصنف کے خیال میں گندے آنڈوں کا کیا مصرف ہے.

**Ans 1:** مصنف کے خیال میں گندے انڈے ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دگنے داموں بیچے جاسکتے ہیں.

---

Q17. کبوتر اور کبوتری کہاں رہتے تھے

**Ans 1:** کبوتر اور کبوتری جنگل میں رہتے تھے

---

Q18. موپساں کے افسانے کے ہیرو نے کیا دعویٰ کیا تھا.

**Ans 1:** موپساں کے افسانے نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ وہ زردی کی بوسے بتا سکتا ہے کہ مرگی نے کیا کھایا ہے.

---

Q19. ڈاکٹر وجہہ ہاشمی کون تھیں.

**Ans 1:** اپوا انٹرنیشنل کی سیکریڑی تھیں.

---

Q20. انڈے کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کے بقول انڈے کی سب سے بڑی خوبی یہ کہ پھوہڑ سے پھوہڑ عورت کسی طرح سے پکائے مزے دار پکے گا.

---